© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Wifaq - ul - Madaris - il - Arabia, Pakistan. وفاق المدارس العربیہ پاکستان

مرکزی دفتر : گارڈن ٹاؤن، شیر شاہ روڈ مُلتان۔
فون نمبر : 061 - 539376 - 539665
فیکس نمبر : 061 - 539485

# مدارس عالمیہ کے ذمہ دار حضرات کی خدمت میں

عقیدہ ختم نبوت اسلام کا اساسی عقیدہ ہے۔ ہمارے حضراتِ اکابر نے جہاں دین کے دیگر شعبوں میں بے مثال خدمات سرانجام دیں وہاں عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور ''فتنہ قادیانیت'' کے رد عمل میں بھی گرانقدر خدمات سرانجام دی ہیں۔

مدارسِ عربیہ کے عزیز طلبہ کی اس موضوع سے آگاہی کے لئے کتاب ''آئینہ قادیانیت'' کو وفاق المدارس العربیہ نے عالمیہ سال اول (درجہ مشکوٰۃ) میں داخلِ نصاب کیا ہے۔ اس کتاب میں قدیم مواد کو جدید اُسلوب میں مرتب کیا گیا ہے' جو انتہائی مفید ہے۔

اس بات کا افسوس ہے کہ بعض مدارس میں یہ کتاب نہیں پڑھائی جارہی۔ اور اگر پڑھائی بھی جاتی ہے تو اس پر خصوصی توجہ نہیں دی جاتی۔ ہماری تمام مدارس سے گزارش ہے کہ وہ پورے اہتمام اور توجہ سے اس کتاب کو پڑھائیں۔ ہم اُمید کرتے ہیں کہ جن مدارس میں ابھی یہ کتاب نہیں پڑھائی جا رہی وہ جلد از جلد اس کے پڑھانے کا اہتمام کریں گے۔ اور اس پر خصوصی توجہ دیں گے۔

''آئینہ قادیانیت'' عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے تمام دفاتر سے اصل لاگت پر دستیاب ہے۔

سلیم اللہ خان

(حضرت مولانا) سلیم اللہ خان صاحب
صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

محمد حنیف جالندھری
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

© rasailojaraid.com